Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 — بدھ، 30 جولائی 2025ء، 4 صفر المظفر 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 125

ہر ضلع میں کیتھ لیب بنائیں گے، مریم نواز — سرکاری ہسپتالوں میں انجیو پلاسٹی کا آغاز

امراض قلب میں مبتلا مریضوں کے لئے 16 اضلاع میں کیتھ لیب کا قیام، اٹک، جہلم، میانوالی، قصور، جھنگ، وہاڑی، بہاولنگر، لیہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، شیخوپورہ، خانیوال، راجن پور، بھکر میں کیتھ لیب بنے گی

کیتھ لیب کیلئے ڈاکٹرز اور سٹاف کی تعیناتی کا آغاز، مریضوں کو بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑیگا، کیتھ لیب میں بہترین ڈاکٹر، عملے کی موجودگی یقینی بنائینگے، ہر مریض کو علاج کی بہترین سہولتیں دہلیز پر میسر ہونگی، مریم نواز



وزیراعظم شہباز شریف لاہور ریلوے سٹیشن پر پاک بزنس ایکسپریس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے ہر ضلع میں امراض دل کے علاج کا وعدہ پورا کردیا۔ پنجاب میں ضلع کی سطح پر سرکاری ہسپتالوں میں انجیو پلاسٹی کا آغاز ہوگیا۔ امراض قلب میں مبتلا مریضوں کے لئے 16 اضلاع میں کیتھ لیب قائم ہوں گی۔ پہلے مرحلے میں اٹک، جہلم، میانوالی، قصور، جھنگ، وہاڑی، بہاولنگر اور لیہ میں کیتھ لیب قائم ہونگی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ، (بقیہ نمبر 4)

بڑھتی آبادی پر کنٹرول کیلئے فیملی پلاننگ کو فروغ دینا ہوگا

سالانہ 11 ہزار خواتین دوران زچگی موت کے منہ میں چلی جاتی ہیں

ہر سال 8 ہزار بچے کینسر میں مبتلا، 43 فیصد بچے غذائی قلت کا شکار ہیں، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ خاندانی منصوبہ بندی وقت کا تقاضہ ہے، علمانے فتویٰ دیا ہے کہ پیدائش میں وقفہ ضروری ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے اسلام آباد میں نیشنل ہیلتھ کنٹرول پلان 2025-2028 کا (بقیہ نمبر 5)

چینی بحران پر کارروائیاں تیز، افسران کی چھٹیاں منسوخ

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولرز و دیگر افسران کی چھٹیوں اور تبادلے پر مکمل پابندی عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں چینی کا مصنوعی بحران پیدا کرنے والے ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں کے خلاف شکنجہ مزید سخت کر دیا گیا۔ سیکرٹری پرائس کنٹرول کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے تمام فیلڈ (بقیہ نمبر 8)

صوبھر کے باغات کو نو سموکنگ زون ڈکلیئر کر دیا

پبلک پارکس کینٹینز میں ویپ، سگریٹ سمیت ہر طرح کی تمباکو پراڈکٹس کی فروخت پر پابندی ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبہ بھر کے باغات کو نو سموکنگ زون ڈکلیئر کردیا، پبلک پارکس کینٹینز میں ویپ، سگریٹ سمیت ہر طرح کی تمباکو پراڈکٹس کی فروخت پر پابندی ہوگی۔ محکمہ ہاؤسنگ اینڈ پبلک (بقیہ نمبر 7)

پی آئی اے کی برطانیہ کیلئے فلائٹ آپریشن کی تیاری تیز

لندن، مانچسٹر اور برمنگھم ایئرپورٹس پر مسافروں کیلئے کھانے کا بندوبست کرنے کے انتظامات شروع

لاہور (این این آئی) پی آئی اے نے برطانیہ کے تین ایئرپورٹس پر پروازوں کے آغاز سے قبل انتظامات شروع کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لندن، مانچسٹر اور برمنگھم ایئرپورٹس پر مسافروں کیلئے کھانے کا بندوبست (بقیہ نمبر 6)

پاکستان اور چین ترقی کی نئی راہوں پر گامزن، پاک امریکہ تعلقات بھی نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں، وزیراعظم

پاکستان نے بھارت کو عبرتناک شکست دی، شہباز شریف

عسکری فتح کے ساتھ معاشی میدان میں بھی کامیابی ملی ہے، معیشت درست سمت میں گامزن ہو چکی، ملکی ترقی کیلئے محنت اور دیانت کو شعار بنانا ہوگا، ریلوے کا پبلک ٹرانسپورٹ کے حوالے سے دنیا میں کلیدی کردار ہے

ریلوے کی شاندار بحالی پر حنیف عباسی کی پذیرائی کریں گے، وزیراعظم کا لاہور ریلوے اسٹیشن پر پاک بزنس ایکسپریس کی افتتاحی تقریب سے خطاب، شہباز شریف کی ملک کے لیے خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، حنیف عباسی

لاہور (این ای این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہیں جبکہ پاک امریکہ تعلقات بھی نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں، پاکستان نے بھارت سے تاریخی جنگ جیتی، دنیا اس کی معترف ہے، عسکری فتح کے ساتھ ساتھ معاشی میدان میں بھی کامیابی ملی ہے، ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہو چکی، ملکی ترقی کیلئے ہمیں محنت اور دیانت کو اپنا شعار بنانا ہوگا، ریلوے کا پبلک ٹرانسپورٹ کے حوالے سے دنیا میں کلیدی کردار ہے، ریلوے کی شاندار بحالی پر وزیر ریلوے حنیف عباسی کی پذیرائی کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز لاہور ریلوے سٹیشن پر پاک بزنس ایکسپریس ٹرین کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، ریلوے حکام و دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ آج مدتوں بعد مجھے ریلوے سٹیشن لاہور آ کر بہت مسرت (بقیہ نمبر 11)

لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف لاہور ریلوے سٹیشن پر پاک بزنس ایکسپریس کا افتتاح کر رہے ہیں

مستحق خواتین کیلئے ذاتی بینک اکاؤنٹس کھولنے کا انقلابی اعلان

اس اقدام کا پائلٹ مرحلہ 14 اگست سے کراچی، لاہور، کوئٹہ، گلگت، مظفرآباد اور پشاور میں شروع کیا جائے گا

اس مرحلے کے تحت مالی امداد براہ راست مستحق خواتین کے ذاتی بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جائے گی، سینیٹر روبینہ خالد

21 جون کو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے "بینظیر ہنرمند پروگرام" کا افتتاح کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی کی مستحق خواتین کے لیے ذاتی بینک اکاؤنٹس کھولنے کے ایک اہم اور انقلابی اقدام کا اعلان کیا ہے جس کا مقصد مالی امداد کی فراہمی کو شفاف، مؤثر اور باوقار بنانا ہے۔ بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اس اقدام کا پائلٹ مرحلہ 14 اگست 2025 سے ملک کے بڑے شہروں کراچی، لاہور، کوئٹہ، گلگت، مظفرآباد اور پشاور میں شروع کیا جائے گا۔ اس مرحلے کے تحت مالی امداد براہ راست مستحق خواتین کے ذاتی بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جائے گی، تاکہ وہ آسانی سے، خودمختار انداز میں اور بغیر کسی انسانی مداخلت کے اپنے فنڈز تک رسائی حاصل کر سکیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ خواتین کو ادائیگیوں کی فراہمی کے لیے ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس پر بھی کام جاری ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بتایا کہ 21 جون 2025 کو شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے "بینظیر ہنرمند پروگرام" کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام کے تحت بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والی خواتین اور ان کے خاندانوں کے افراد کو عالمی معیار کے مطابق فنی تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل (بقیہ نمبر 1)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کر رہی ہیں

پٹرول بائیک الیکٹرک میں تبدیل کریں، ایک لاکھ روپے انعام حاصل کریں، مریم اورنگزیب

پی ایچ اے نے پلانٹ فور پاکستان کے تحت شجرکاری شروع کر دی، اسموگ گن کو آج میڈیا کے سامنے پیش کیا جائے گا

ہدف 5 کروڑ درخت تھا جس کی میپنگ اور مانیٹرنگ جدید ٹیکنالوجی سے کی جا رہی ہے، سینئر وزیر کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این ای این) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ماحولیاتی بہتری اور اسموگ کے خاتمے کے لیے انقلابی اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو شہری اپنی پیٹرول موٹر بائیک کو الیکٹرک میں تبدیل کریں گے انہیں حکومت کی جانب سے ایک لاکھ روپے کیش انعام دیا جائے گا، پی ایچ اے نے پلانٹ فور پاکستان کے تحت درخت لگانے کی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، یہ مہم وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں گردوں کی غیر قانونی پیوندکاری کا نیٹ ورک بے نقاب

شیخوپورہ سے گردوں کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث گروہ کے 8 ارکان گرفتار

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گردوں کی غیر قانونی پیوندکاری کا نیٹ ورک بے نقاب ہوگیا۔ پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے ترجمان کے (بقیہ نمبر 19)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو، ندیم افضل چن اور فیصل میر بھی موجود ہیں۔

چینی کا مصنوعی بحران پیدا کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ کی زیرصدارت ڈپٹی کمشنرز کا ویڈیو لنک اجلاس، کین کمشنر کی چینی سے متعلق اقدامات بارے بریفنگ

بڑے شہروں میں چینی کے ٹرکوں کی دستیابی یقینی بنائی جا چکی، گراں فروشوں کیخلاف مقدمات درج کروائے جا رہے ہیں، ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت نے مصنوعی بحران پیدا کرنیوالے عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے، سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ کی زیرصدارت تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کا ویڈیو لنک اجلاس ہوا، کین کمشنر پنجاب نوید شہزاد مرزا نے سٹاک دستیابی اور شوگر ملز کیخلاف ایکشن بارے آگاہ کیا، بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبائی دارالحکومت سمیت بڑے شہروں میں چینی کے (بقیہ نمبر 12)

ایرانی صدر مسعود پزشکیان 2 اگست کو لاہور آمد متوقع

ایرانی صدر لاہور پہنچ کر شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر حاضری دیں گے

جس کے بعد وہ اسی روز شام کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد روانہ ہوں گے

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے سرکاری دورہ پاکستان کا شیڈول تیار کر لیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق صدر مسعود پزشکیان 2 اگست کو لاہور پہنچیں گے جہاں وہ اپنے دورے کا باضابطہ آغاز کریں گے۔ ذرائع کے مطابق ایرانی صدر لاہور پہنچ کر شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر حاضری دیں گے جس کے بعد وہ اسی روز شام کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد روانہ ہوں گے۔ 3 اگست (بقیہ نمبر 10)

مون سون بارشیں: دریاؤں اور ندی نالوں میں طغیانی کا الرٹ

لاہور (این این آئی) مون سون بارشوں کے باعث دریاؤں اور ندی نالوں میں طغیانی کا الرٹ جاری کر دیا گیا۔ دریائے راوی، جہلم، ستلج اور چناب کے بہاؤ میں اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا، دریائے سندھ میں تربیلا، کالا باغ اور چشمہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب، گڈو بیراج کے مقام پر پانی کی سطح بلند ہوگئی، دریائے سندھ میں بڑا سیلابی (بقیہ نمبر 9)

پنجاب یونیورسٹی میں 300 لاوارث موٹرسائیکلیں کھڑی ہونے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے مختلف ہاسٹلز کے باہر باہر 300 لاوارث موٹرسائیکلیں کھڑی ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ طلبہ سے ہاسٹلز خالی کرائے جانے کے باوجود موٹرسائیکلیں لاوارث کھڑی رہیں، سیکیورٹی سٹاف نے لاوارث موٹرسائیکلیں اکٹھی کر کے ایمرجنسی سنٹر پارک کر دیں۔ (بقیہ نمبر 13)

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ مصدق ملک نے وزیراعلیٰ سے دو طرفہ ملاقات کی۔

ایتھوپیا کے سفیر کی چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا سے ملاقات

اسلام آباد میں "ایتھوپیا-پاکستان پارٹنرشپ پارک" قائم کرنے کیلئے قانون کے مطابق زمین مختص کی جائے گی

ملاقات میں ایتھوپیا کے سفیر جمل بیکر عبداللہ نے اسلام آباد میں بڑے پیمانے پر شجرکاری مہم میں ایتھوپیا کی شرکت کی تجویز پیش کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ریپبلک آف ایتھوپیا کے پاکستان میں سفیر جمل بیکر عبداللہ نے آج سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے ملاقات کی۔ ملاقات انتہائی دوستانہ ماحول میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور خاص طور پر شہری ترقی، ماحول دوست شجرکاری مہم اور پائیدار اربن پلاننگ کے شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ (بقیہ نمبر 2)

ریپبلک آف ایتھوپیا کے پاکستان میں سفیر جمل بیکر عبداللہ سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے ملاقات کر رہے ہیں

گدھے کا گوشت ملنے کے حوالے سے ابتدائی تفتیش مکمل

گودام کرایہ پر دینے والے مالک فیاض اور پراپرٹی ڈیلر عامر کو ٹیکسلا سے گرفتار کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گوشت ملنے کے معاملے کی ابتدائی تفتیش مکمل کرلی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں بڑی مقدار میں گدھے کا (بقیہ نمبر 20)

فتنہ الہندوستان اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کا گٹھ جوڑ بے نقاب

نام نہاد لاپتا افراد وہی ہیں جو فتنہ الہندوستان کے آلہ کار بن کر نہتے اور معصوم پاکستانیوں پر دہشتگردانہ حملوں میں ملوث ہیں

ماہ رنگ لانگو نے ہمیشہ نام نہاد لاپتا افراد کا بیانیہ اپنے مضموم عزائم اور ریاست کو بدنام کرنے کیلئے استعمال کیا، سیکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) نام نہاد لاپتا افراد کی آڑ میں دہشت گردی کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے آپریشن کے دوران ہلاک دہشتگرد صہیب لانگو بلوچ یکجہتی کمیٹی کی نام نہاد لاپتا افراد کی لسٹ میں شامل ہے۔ اس سے قبل بھی فتنہ الہندوستان کے مارے جانے والے متعدد دہشتگرد نام نہاد لاپتا افراد کی لسٹ میں شامل تھے۔ مارچ 2024 کو گوادر حملے میں مارے (بقیہ نمبر 21)

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نئی لائسنسنگ کمیٹی تشکیل دیدی

سیلز ٹیکس رجسٹریشن کیلئے درخواستوں کی جانچ پڑتال کیلئے ہائی لیول کمیٹی قائم کی گئی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نئی لائسنسنگ کمیٹی تشکیل دیدی، سیلز ٹیکس رجسٹریشن کیلئے درخواستوں کی جانچ پڑتال کیلئے ہائی لیول کمیٹی قائم کی گئی۔ سیلز ٹیکس رولز 2006، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت اختیارات استعمال کیے گئے، نئی رجسٹریشن، شکایات اور لائسنس منسوخی کی سفارشات کا اختیار نئی کمیٹی کو حاصل ہو (بقیہ نمبر 14)

کھیوڑہ میں سالٹ ویلی لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کا افتتاح

خواتین و بچوں کے لیے تفریح کا نیا سنگِ میل، اسسٹنٹ کمشنر محترمہ نادیہ پرویز

کھیوڑہ (سرفراز عباس) تحصیل پنڈدادنخان کے خوبصورت شہر کھیوڑہ میں خواتین اور 12 سال سے کم عمر بچوں کے لیے مخصوص "سالٹ ویلی لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک" کی تکمیل پر ایک شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، جس کے بعد مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادنخان محترمہ نادیہ پروین نے پارک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ انہوں نے پارک کا معائنہ کرتے ہوئے اسے شہریوں کے لیے ایک (بقیہ نمبر 15)

اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادنخان نادیہ پرویز لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کا افتتاح کر رہی ہیں

خصوصی تعلیم میں برٹش کونسل اور محکمہ سپیشل ایجوکیشن پنجاب میں معاہدہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں خصوصی بچوں کی تعلیم میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار خصوصی تعلیم میں بین الاقوامی اشتراک، برٹش کونسل اور محکمہ سپیشل ایجوکیشن پنجاب میں معاہدہ طے پا گیا۔ (بقیہ نمبر 22)

ملک بھر میں اگست کے مہینے میں بھی معمول سے زیادہ بارشیں متوقع

مون سون کا جاری اسپیل مزید 2 دن تک چلے گا، ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں اگست کے مہینے میں بھی معمول سے زیادہ بارشوں کی پیشگوئی کر دی جبکہ بارشوں کا جاری اسپیل مزید دو روز چلے گا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات عرفان ورک نے کہا کہ جولائی میں مجموعی طور پر 25 فیصد زائد بارشیں ہوئیں البتہ سندھ میں کم بارش ریکارڈ کی گئی، اگست کے مہینے میں معمول کے مطابق یا زیادہ بارش متوقع ہے۔

ڈپلومیٹک انکلیو کی تعمیر و ترقی بارے تفصیلی تبادلہ خیال

ڈپلومیٹک انکلیو میں صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے سائیکلنگ ٹریکس کے ساتھ سپورٹس کمپلیکس کیلئے جگہ مختص کرنے کی ہدایت

چیئرمین سی ڈی اے نے ڈپلومیٹک انکلیو کی شاہراہوں پر خوبصورت لینڈ سکیپنگ اور ماحول دوست شجرکاری کرنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن و اسٹیٹ طلعت محمود، ممبر پلاننگ ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر انوائرمنٹ اسفندیار بلوچ، ڈی جی ریسورس، ڈی جی بلڈنگ کنٹرول اینڈ ہاؤسنگ، ڈپٹی ڈی جی انفورسمنٹ، ڈائریکٹر ڈی ایم اے سمیت دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد کی سربراہی میں ڈپلومیٹک انکلیو کی تعمیر و ترقی، بیوٹیفیکیشن کے ساتھ ساتھ شاپنگ اور سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر (بقیہ نمبر 3)

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ ایکسائز جدت کی جانب گامزن، گاڑیوں کو ڈیجیٹل کارڈز جاری کرنے کا فیصلہ

ایسے میں کار مالک کو اپنے ساتھ گاڑی کے کاغذات یا کارڈ رکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ ایکسائز اسلام آباد نے نظام کو جدید طرز پر لاتے ہوئے اسلام آباد میں رجسٹرڈ گاڑیوں کو ڈیجیٹل کارڈز جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ماضی میں گاڑی کی بک (کتاب) ہوا کرتی تھی پھر سمارٹ کارڈ متعارف (بقیہ نمبر 16)

اب گاڑی، موٹرسائیکل کے نمبر مالک کے نام پر جاری ہوں گے

گاڑی ٹرانسفر کروانے کی صورت میں نمبر پلیٹ اتار کر پرانا مالک اپنے پاس رکھے گا

لاہور (این این آئی) گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کے نمبرز کے حوالے سے بڑا فیصلہ کیا گیا ہے، اب گاڑی کی بجائے مالک کے نام پر نمبر جاری ہوں گے۔ پنجاب میں گاڑیاں یا موٹرسائیکلیں مالکان کے نام پر رجسٹرڈ ہوں گی، ایکسائز حکام کے مطابق گاڑی (بقیہ نمبر 17)

مکس مارشل آرٹس فائٹر شاہ زیب رند کے والد کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیدیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے مکس مارشل آرٹس فائٹر شاہ زیب رند کے والد خیر محمد نے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے حکومت کی جانب سے شاہ زیب (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی، شادی شدہ خاتون کا قتل: مقتولہ کے دوسرے شوہر کے والد اور ماموں گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے پیرودھائی میں جرگے کے فیصلے پر شادی شدہ خاتون کے قتل کیس میں مقتولہ کے دوسرے شوہر عثمان کے والد اور ماموں کو گرفتار کر لیا گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز جرگے کے فیصلے پر شادی شدہ خاتون کے قتل کیس میں گرفتار 6 ملزمان کو عدالت میں پیش کیا گیا (بقیہ نمبر 25)

سال 2024-25 میں چینی برآمد کرنے والی شوگر ملز کی فہرست سامنے آگئی

سب سے زیادہ 7 کروڑ 30 لاکھ 90 ہزار کلو چینی جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز نے برآمد کی

اسلام آباد (این این آئی) جولائی 2024 سے جون 2025 کے درمیان چینی برآمد کرنے والی شوگر ملز کی فہرست سامنے آگئی۔ دستاویز کے مطابق مجموعی طور پر 67 شوگر ملز نے 40 کروڑ ڈالر مالیت کی چینی برآمد کی، جس میں سب سے زیادہ 7 کروڑ 30 لاکھ 90 ہزار کلو چینی جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز نے برآمد کی۔ تاندلیاں والا شوگر ملز نے 4 کروڑ 41 لاکھ (بقیہ نمبر 23)

جنیوا: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جنیوا میں منعقد ہونے والی پارلیمنٹ کے اسپیکرز کی چھٹی عالمی کانفرنس کے موقع پر چائنہ کی نیشنل پیپلز کانگریس کی سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین مسٹر ژاؤ لیجی سے ملاقات کی۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

زائرین کیلئے براستہ سڑک ایران اور عراق جانے پر پابندی

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن رضا نقوی نے ملاقات کی جس میں زائرین کی نئی پالیسی کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے وزیرِ ہوا بازی کو زائرین کیلئے خصوصی پروازوں کا انتظام کرنے کی ہدایت کی تاکہ زائرین کی تعداد میں اضافے کے دوران انہیں سفر میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ علاوہ ازیں ”ایکس“ پر محسن نقوی نے ایک بیان میں بتایا کہ زائرین اربعین میں شرکت کیلئے ہوائی جہازوں کے ذریعہ سفر کرسکیں گے۔ زائرین کو روڈ کے ذریعے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ وزارت خارجہ، بلوچستان حکومت اور سکیورٹی اداروں سے وسیع مشاورت کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ رواں سال زائرین کو اربعین کیلئے سڑک کے ذریعے عراق اور ایران جانے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔ یہ مشکل فیصلہ عوام کے تحفظ اور قومی سلامتی کے مفاد میں کیا گیا، وزیراعظم نے حکام کو ہدایت کی ہے کہ آنے والے دنوں میں زائرین کی سہولت کیلئے زیادہ سے زیادہ پروازوں کا انتظام کیا جائے جبکہ پی آئی اے نے بھی 8 اگست سے اربعین کیلئے خصوصی فلائٹ آپریشن چلانے کا اعلان کیا ہے۔

بلوچستان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی بڑھتی کارروائیوں کے پیش نظر زائرین کیلئے براستہ سڑک ایران اور عراق جانے پر پابندی کا فیصلہ بادی النظر میں حکومت کا درست اقدام ہے لیکن جو زائرین اس وقت اربوں روپے ویزہ، ٹرانسپورٹ اور دیگر تیاریوں پر خرچ کر چکے ہیں اس پابندی سے ان کیلئے مشکلات پیدا کردی گئی ہیں۔ اسی تناظر میں مجلس وحدت مسلمین جنوبی پنجاب کے صوبائی آرگنائزر علامہ قاضی نادر حسین علوی نے اس فیصلہ پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بھر سے ہزاروں زائرین ہر سال اربعین کے موقع پر براستہ سڑک ایران و عراق کا سفر کرتے ہیں، اس سفری روایت پر اچانک پابندی سے زائرین کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے۔ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ نے بھی اس فیصلہ پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ بے شک حکومت نے ہوائی سفر میں زائرین کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے اور اس کیلئے خصوصی پروازوں کا بھی اعلان کیا ہے لیکن براستہ سڑک جانے والے زائرین جو ویزہ اور ٹرانسپورٹ کے اخراجات کر چکے ہیں انکے نقصان کا ازالہ ممکن نہیں۔ اگر امن و امان کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر یہ فیصلہ پہلے کرلیا جاتا تو حکومت کو زائرین کی طرف سے اس ردعمل کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ بہتر یہی ہے کہ حکومت زمینی راستے کو بھی کھلا رکھے اور اسے محفوظ بنا کر زائرین کیلئے آسانیاں پیدا کرے۔

”قومیں گالیوں سے نہیں کردار سے بنتی ہیں“

تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی
اسلام آباد

قوموں کے مزاج، تہذیب، اور وقار کا اندازہ ان کے رویوں اور زبان سے لگایا جاتا ہے۔ زبان کسی بھی قوم کی تہذیب، تربیت اور شعور کا پہلا آئینہ ہے۔ اگر کسی ریاست کی عوام کا عمومی رویہ تضحیک، بدزبانی اور بدکلامی ہو، خاص طور پر اپنے ہی حکمرانوں کے خلاف، تو عرف عام میں زمانہ اس قوم کو کبھی بھی ترقی یافتہ اور مہذب نہ کہے گا۔

گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر لاہور کی ایک سڑک پر پیش آنے والا واقعہ عام شہریوں کے مزاج کی عکاسی کرتا ہے۔ ایک بزرگ شہری نے وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف انتہائی نازیبا زبان استعمال کی، اور افسوسناک امر یہ ہے کہ نہ صرف اس ویڈیو کو وائرل کیا گیا بلکہ اس شخص کو ایک "ہیرو" کے طور پر پیش کیا گیا۔ یہ رویہ بذاتِ خود ہماری اجتماعی اخلاقی گراوٹ کا ثبوت ہے۔ بدزبانی کو آزادیِ رائے کا نام دے کر اس عمل کو جواز فراہم کرنا نہ صرف ایک غیر مناسب رجحان ہے بلکہ معاشرے میں بگاڑ کو بڑھاوا دینے کے مترادف ہے۔

اے میرے محترم باادب قاری نا جانے کیوں پر یوں لگا لاہور کے بزرگ شہری نے منظر پر آ کر بتا دیا کہ ہمارے گھروں ماں، بہن، بہو اور بیٹی کا احترام صرف اتنا ہی کیا جاتا ہے۔

مولائے کائنات حضرت علیؑ کا ارشاد ہے:
"جو تم پر حکمران ہو، اس کا ادب کرو کہ وہ تم پر اللہ کی طرف سے ذمہ دار ہے۔"

اسلامی ریاست کا اصول ہی عدل، برداشت اور احترام پر قائم ہے۔ اگر عوام کا رویہ محض ذاتی بغض، سیاسی وابستگی یا دشمنی کی بنیاد پر اس حد تک گر جائے کہ وہ اپنی زبان کا تقدس بھی بھول جائیں، تو وہ قوم مہذب کہلانے کی حقدار نہیں۔

حکمران عوامی نمائندے ہوتے ہیں، ان پر تنقید کا حق ضرور ہے، مگر تنقید کو ذاتی حملے، گالم گلوچ اور تضحیک میں بدل دینا کسی طور درست عمل نہیں۔

خاص طور پر جب کوئی خاتون حکمرانی کے عہدے پر فائز ہو، تو اس کے خلاف بدکلامی صرف ایک فرد نہیں، بلکہ پوری قوم کی عورتوں کے لیے نفرت اور تحقیر کا پیغام بن جاتی ہے۔

یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ آج جو شخص اپنی مخالفت میں موجودہ قیادت کو گالیاں دے رہا ہے، کل کو وہی شخص اپنے پسندیدہ لیڈر کے خلاف یہی زبان پسند نہیں کرے گا۔ لہٰذا، ہمیں اپنی زبان کو اصولوں اور اخلاقیات کا پابند بنانا ہوگا نہ کہ جذبات اور گروہی وابستگی کا۔

پاکستان کی حالیہ قیادت اور فوجی اداروں نے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تشخص ابھارا ہے۔ سیلاب ہو، بیرونی خطرات ہوں یا معاشی چیلنجز افواجِ پاکستان اور موجودہ حکومت نے قربانیاں دی ہیں، انتھک محنت کی ہے، اور اس کا اعتراف دنیا کر رہی ہے۔ ایسے میں اپنی ہی قوم کی طرف سے گالم گلوچ اور تضحیک آمیز رویہ ظاہر کرتا ہے کہ ہم ابھی تک ایک قوم بننے کے عمل میں کتنے پیچھے ہیں۔

قومیں تعلیم، تہذیب، نظم، قانون پسندی اور زبان کی شائستگی سے بنتی ہیں نہ کہ چیخنے چلانے، گالیاں دینے اور سوشل میڈیا پر نفرت پھیلانے سے۔

وقت آچکا ہے کہ ہم تنقید کو اصلاح کی نیت سے کریں، نہ کہ تضحیک کی نیت سے۔

اے میرے محترم باادب قاری ہمیں طے کرنا ہوگا کہ ہم ایک مہذب قوم بنیں۔ ہمیں دنیا کے سامنے اپنی اخلاقی پستی کا اظہار نہیں کرنا۔

یہ بہت اچھی بات ہے کہ ہم اتنے باشعور لوگ ہیں کہ اچھے برے کی پہچان ہے، تو بہت آسان ہے اپنی ذات کی خامیاں دور کرنا۔

اسلام بھی تو یہی کہتا ہے کہ دوسروں پر انگلی اٹھانے سے پہلے اپنی اصلاح کرو، تو پھر دیر کس بات کی؟

دعا ہے کہ خدائے بزرگ و برتر ہماری ہر قدم رہبری فرمائے آمین

نام: سلطان علی
عہدہ: ریکیولرڈ رائیور
سیلاب میں قربانی اور حوصلے کی داستان



مورخہ 17 جولائی 2025 ضلع جہلم میں آنے والے شدید طوفانی بارش نے ندی نالوں میں طغیانی پیدا کر دی۔ ریسکیو 1122 جہلم کی جانب سے لوگوں کی جانیں بچانے کے لئے آپریشن کا آغاز کیا گیا۔ جس کی نگرانی ضلعی ایمرجنسی آفیسر جہلم کیپٹن (ر) انجینئر سعید احمد کی سربراہی میں کی گئی۔ دوسری جانب جب دیگر ریسکیورز سیلاب زدہ علاقوں میں لوگوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے میں مصروف تھے تو ایک اور جگہ چک جانی نزد دینہ میں 13 لوگوں کو بچانے کے لیے کوئی ریسکیو ٹیم موجود نہ تھی۔ یہ بات جب ہمیں معلوم ہوئی تو فوری طور پر ٹیم بھیجی گئی۔ لیکن جب تک ٹیم وہاں پہنچی تو لوگ پانی کے شدید بہاؤ کی وجہ سے شدید خطرے میں گھر چکے تھے۔

یہ ایک نازک لمحہ تھا جس میں اگر انسان ذرا سی دیر کرتا تو کئی قیمتی جانیں محفوظ مقام تک نہ پہنچائی جاسکتیں۔ وہاں پر ہمارے ریسکیور سلطان علی نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے پانی میں چھلانگ لگادی۔

سلطان علی کی جرأت اور دلیری قابل تعریف ہے۔ پانی کی سطح بہت بلند تھی اور پانی کا بہاؤ بھی بہت تیز تھا۔ لیکن سلطان علی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر سب سے پہلے ایک بچے کو کمر پر باندھا، پھر ایک ایک کر کے سب کو محفوظ مقام تک پہنچایا۔

کئی بار اسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، ایک بار تو پانی کی لہر نے اسے بہت دور تک بہا دیا، لیکن سلطان علی نے ہمت نہ ہاری اور دوبارہ واپس آ کر باقی لوگوں کو بھی بچایا۔

شہریوں نے سلطان علی کی اس جرأت، دلیری اور فرض شناسی کو سراہا۔

اسی دوران ایک اور اطلاع موصول ہوئی کہ ایک LFR گاڑی میں 60 سالہ بزرگ اور ایک بچہ موجود ہیں جو پانی میں پھنسے ہوئے ہیں۔ سلطان علی نے ایک لمحے کی دیر کیے بغیر پانی میں چھلانگ لگادی اور دونوں کو بچالیا۔

ڈی ای او جہلم کیپٹن (ر) سعید احمد نے سلطان علی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ "سلطان علی جیسے بہادر ریسکیور ہماری ٹیم کا فخر ہیں۔"

حکومت پنجاب کی جانب سے سلطان علی کو "بہادری کا اعزاز" دینے کے لیے نامزد کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔

ریسکیو سلطان علی جیسے ریسکیورز ہمارے معاشرے کے ان گمنام ہیروز میں سے ہیں جو بغیر کسی ذاتی مفاد کے لوگوں کی جانیں بچاتے ہیں۔ ہم ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم سب ان جیسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ دوسروں کے لیے بھی سلطان علی کی کہانی ایک مثال بن جائے۔

میں اکیلا ہی رہ گیا تھا

تحریر: عفت بتول

ایک روز شام کی چائے کے بعد ہم اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے۔ میری بیٹی آئمہ اور عزیزم عبدالحیٔ صحن میں کھیل رہے تھے۔ دونوں بار بار گیند کمرے کی طرف پھینکتے اور اپنی باری پر پکڑ کر لاتے۔ عبدالحیٔ اپنی باری پر دوڑتا ہوا کمرے میں گیا تو اچانک بجلی چلی گئی پورا گھر اندھیرے میں ڈوب گیا وہ خوفزدہ ہو کر رونے لگا اس کی والدہ نے اسے خوب دلاسہ دیا لیکن وہ قابو میں ہی نہیں آ رہا تھا۔ اس نے موبائل کی لائٹ جلائی پل بھر میں ننھی سی روشنی نے اندھیرے کو چیر کر رکھ دیا۔ اندھیرا اور روشنی، دن اور رات، محبت اور نفرت، سچ اور جھوٹ، سیاہ اور سفید ایک دوسرے کا توڑ بھی ہیں متضاد بھی لیکن پھر بھی ان کا آپس میں گہرا تعلق بھی ہے ایک جاتا ہے تو دوسرا آتا ہے یہ فطرت کا اصول ہے اختلاف ہوتا ہے، ہو سکتا ہے اسے خاتمے کا سبب نہیں بنانا چاہئے۔ ہم معمولی اختلاف کو تعلق توڑنے کا سبب بنا لیتے ہیں۔ یہ تو ایک ضمنی بات ہے اندھیرا روشنی میں بدل گیا، بجلی بھی تھوڑی دیر بعد آ گئی لیکن ننھے عبدل کے دل و دماغ پر اس اچانک اندھیرے نے ایسی ضرب لگائی کہ وہ دیر تک سسکیاں بھرتا رہا کئی راتیں سو نہیں پایا اور کئی روز اس واقعے کی دہشت کو یاد کرتا رہا۔ وہ اپنی توتلی زبان میں ایک ہی بات کرتا تھا: "اماں میں اکیلا ہی رہ گیا تھا"۔ اماں میں اکیلا ہی چلا گیا تھا اس کا یہ جملہ آج تک دل پر چوٹ لگاتا ہے اکیلا ایک کمرے میں بچے کا اندھیرے میں رہ جانا اسے کس قدر خوف زدہ کر دیتا ہے اکیلا ہونا کس قدر تکلیف دہ ہوتا ہے اکیلا انسان رہ ہی نہیں سکتا۔ جب حضرت آدم کو زمین پر اتارا گیا تو ان کی اداسی دور کرنے کے لیے حضرت حوا کو زمین پر اتارا گیا۔ مل جل کر رہنا انسانی جبلت ہے انسان اپنی ضرورتوں کے لیے ایک دوسرے کا محتاج ہے، یہی محتاجی انسان کو انسان سے جوڑے رکھتی ہے۔ انسان اسی لیے معاشرتی حیوان کہلاتا ہے۔ انسان کو اپنے حقوق کی کے حصول کے بدلے فرائض کی ادائیگی کرنا پڑتی ہے یہی قانون فطرت ہے اور اسی قانون پر عمل کر کے ترقی یافتہ اقوام کامیابی کی منازل طے کر رہی ہیں جہاں انسان ایک دوسرے سے کٹ کر رہتے ہیں غیر محفوظ ہو جاتے ہیں۔ اپنوں سے جڑ کر رہنا تحفظ کی ضمانت ہے اپنوں سے آزادی ہمیں غیروں کی غلامی پر مجبور کر دیتی ہے اگر اپنا گھر اپنا نہ بنایا جا سکے تو پورا شہر کیسے اپنا بن سکتا ہے حمیرا صغر کی المناک موت عائشہ خان کی وفات اکیلے جدوجہد کرنے کی ٹھان لینے والوں کے لیے ایک سبق ہے ایک محاورہ ہے اپنا مارے گا تو چھاؤں میں پھینکے گا۔ لیکن جہان اپنا کوئی رہے ہی نہ؟ جس مغربی جدت پسندی سے متاثر ہو کر ہم اپنے خاندانی نظام اور اقدار کو مسترد کر رہے ہیں وہ خود اپنی تنہائی سے تنگ آ چکے ہیں۔ اس سے پہلے کہ انسان کی کہانی المناک انجام سے دوچار ہو اسے اپنی اقدار کو سنبھال لینا چاہئے ہماری نوجوان نسل ذہنی طور پر اکیلے پن اور تنہائی کا شکار ہے ان کی حالت دیکھ کر مجھے بار بار عبدل کے وہ جملے یاد آتے ہیں۔ اماں میں اکیلا ہی چلا گیا تھا اماں میں اکیلا ہی رہ گیا تھا اکیلا بچہ اپنے اکیلے پن کو اپنے ماں باپ ہی تک محدود رکھے ورنہ اس کا اکیلا پن اس کی تنہائی کا کوئی غیر ساتھی بھی بن سکتا ہے جو اس کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

خاتون مداح نے 72 کروڑ کی جائیداد دی تھی، سنجے دت

بیماری کی وجہ سے مرنے والی ایک خاتون نے اپنی تمام جائیداد سنجے دت کے نام کردی تھی



ممبئی (این این آئی) بولی وڈ کے بابا کہلانے والے اداکار سنجے دت نے تصدیق کی ہے کہ ان کی ایک مداح خاتون نے اپنی پوری جائیداد جس کی مالیت تقریباً 72 کروڑ روپے تھی ان کے نام کردی تھی۔ سات سال قبل 2018 میں یہ خبریں آئیں تھی کہ بیماری کی وجہ سے مرنے والی ایک خاتون نے اپنی تمام جائیداد سنجے دت کے نام کردی۔ ماضی میں سنجے دت نے مذکورہ معاملے پر کوئی بات نہیں کی تھی، تاہم اب پہلی بار انہوں نے تصدیق کی ہے کہ خاتون مداح نے اپنی پوری جائیداد ان کے نام کردی تھی۔

کاجول نے 50 سال کی عمر میں جوان دکھنے کا راز بتادیا

جب لوگ تھک جاتے ہیں یا زندگی سے بیزار ہو جاتے ہیں، تب چہرے پر جھریاں نظر آنا لگتی ہے، اداکارہ



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی اداکارہ کاجول نے 50 سال کی عمر میں صحت مند اور جوان دکھنے کا راز بتادیا۔ اداکارہ نے حال ہی میں ایک چیٹ شو میں بات کرتے ہوئے تسلیم کیا کہ وہ عمر ... فکر، اسکن کیئر اور روزمرہ کی روٹین کے بارے میں کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خیال میں عمر کا اندازہ چہرے کی جھریوں سے زیادہ آنکھوں سے ہوتا ہے، جب لوگ تھک ...

زنانہ چال ڈھال کے سبب شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، کرن جوہر

لوگ کہتے تھے میں لڑکوں جیسا نہیں یا میرا انداز مردانہ نہیں، انٹرویو



گلوکاری شروع کی تو خاندان نے ساتھ چھوڑ دیا، حمیرا اچنا

گلوکاری کے ابتدائی دنوں میں انہیں اپنے ہی خاندان کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا



لاہور (این این آئی) معروف گلوکارہ حمیرا اچنا نے کہا ہے کہ گلوکاری کے ابتدائی دنوں میں انہیں اپنے ہی خاندان کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، حتی کہ ان کے چچا نے والد سے تعلقات ختم کر دیے تھے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے حمیرا اچنا نے کہا کہ اگرچہ ان کے والد ایک فلم پروڈیوسر تھے اور والدہ کو بھی فنونِ لطیفہ سے لگا تھا تاہم گلوکاری کا پیشہ اختیار کرنے پر خاندان نے شدید ردِعمل دیا۔ انہوں نے کہا کہ والد نے سندھی، پنجابی اور اردو فلمیں پروڈیوس کیں، اس لیے فن سے لگاؤ ان کے ماحول میں پہلے سے موجود تھا لیکن اسکے باوجود انہیں اپنے نام اور مقام بنانے میں سخت جدوجہد کرنا پڑی۔

گلوکار نصرت فتح علی خان کی 28 ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان کے عظیم گلوکار نصرت فتح علی خان کی 28 ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فلمی حلقوں میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں نصرت فتح علی خان کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ نصرت فتح علی خان 13 اکتوبر 1948ء کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے آپ کے والد استاد فتح علی خان اور چچا استاد مبارک علی خان اپنے دور کے مشہور قوال تھے۔ نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست مست سے ملک گیر شہرت حاصل کی انہوں نے قوالی کی صنف میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔

جان سے مارنے کی دھمکیاں مل رہی ہیں، علیزے شاہ کا دعویٰ

ساتھی اداکارہ منسا ملک انہیں قتل کروانے کی دھمکیاں دے رہی ہیں، اداکارہ

روز رات کو بیوی کے پاؤں دبا کر سوتا ہوں، احمد حسن

ایسے ذاتی معاملات ٹی وی پر شیئر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ صارفین کی تنقید

SPORTS سپورٹس

بیڈمنٹن کھیلتے ہوئے نوجوان کی دل کا دورہ پڑنے سے موت

راکش دوستوں کے ساتھ بیڈمنٹن کھیل رہا تھا، دل دہلا دینے والی ویڈیو وائرل

غرور کا سر نیچا، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں بھارت کا آخری نمبر

ویسٹ انڈیز اور پاکستان کے مابین تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا آغاز یکم اگست کو ہوگا

ونڈھم اوپن گالف ٹورنامنٹ 31 جولائی سے شروع ہوگا

ٹورنامنٹ پی جی اے ٹور کا مشہور گولف ایونٹ ہے جو پہلی بار 1938 میں کھیلا گیا تھا

وائٹلٹی بلاسٹ ٹی 20 ٹورنامنٹ کا پہلا کوارٹر فائنل میچ 3 ستمبر کو کھیلا جائے گا

بین اسٹوکس کا جڈیجا سے ہاتھ نہ ملانے کے تنازع پر خاموشی توڑ دی

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
اندراج تاریخ پیدائش — اندراج تاریخ وفات — اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام — درستگی نام — اعلان لاتعلقی
عاق نامہ — اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کرسکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

کر سکیں، خود کفیل بنیں اور ملکی معیشت میں فعال کردار ادا کر سکیں۔ دنیا بھر میں سکلڈ لیبر کی ڈیمانڈ ہے۔ یہ پروگرام پاکستان کا مستقبل ہے جو مستحق خاندانوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائے گا۔ ہمیں اس پروگرام پر عملدرآمد کیلئے NAVTTC، صوبائی ٹیوٹاز، منسٹری آف اورسیز اور Friends of BISP کے پلیٹ فارم سے تمام اسٹیک ہولڈرز کی معاونت اور تعاون حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام آج ایک عالمی شہرت یافتہ فلاحی پروگرام بن چکا ہے۔ گزشتہ سال مختلف ممالک کے وفود نے مطالعاتی دورے کیے تاکہ وہ بی آئی ایس پی کی طرز پر اپنے ممالک میں ایسے پروگرام تشکیل دے سکیں، جو ہمارے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔ پروگرام میں اندراج کے لیے شناختی کارڈ کی شرط اور خاتون خانہ کو گھرانے کی سربراہ تسلیم کرنا اس پروگرام کی نمایاں خوبیوں میں شامل ہے، جس کا کریڈٹ صدر آصف علی زرداری کو جاتا ہے۔ اس اقدام سے لاکھوں غریب خواتین کو شناخت ملی اور وہ نیشنل ڈیٹا بیس کا حصہ بنیں۔ انہوں نے بتایا کہ بی آئی ایس پی کے تحت تقریباً ایک کروڑ گھرانوں کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ "بینظیر نشوونما پروگرام" کے ذریعے حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی ماؤں اور دو سال سے کم عمر بچوں کی صحت اور غذائی ضروریات کو پورا کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت غذائی قلت کے باعث پیدا ہونے والی جسمانی کمزوری (اسٹنٹنگ) پر قابو پایا جا رہا ہے اور پاکستان میں اسٹنٹنگ کی شرح میں 6.5 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ "بینظیر تعلیمی وظائف" کے تحت پرائمری سے ہائر سیکنڈری تک وظائف دیے جا رہے ہیں، جن کے لیے اسکول میں اندراج اور کم از کم 70 فیصد حاضری لازم ہے۔ حال ہی میں ملتان سے تعلق رکھنے والی "بینظیر تعلیمی وظائف" کی مستحق طالبات نے میٹرک امتحان میں نمایاں پوزیشنز حاصل کی ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بتایا کہ پہلے بی آئی ایس پی میں رجسٹریشن کیلئے گھر گھر سروے کیا جاتا ہے لیکن اب تحصیل سطح پر ملک بھر میں ڈائنامک رجسٹری سینٹرز قائم ہیں جہاں مستحق گھرانوں کیلئے سروے کی سہولت موجود ہے۔ 3 سال سے زائد عرصہ امداد وصول کرنے والوں کیلئے دوبارہ سروے کروانا لازمی ہے۔ انہوں نے اس تاثر کی سختی سے تردید کی کہ بی آئی ایس پی کا پروگرام لوگوں کو بھکاری بناتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ ایک انکم سپورٹ پروگرام ہے جو غریب خاندانوں کے اخراجات اور آمدنی کے درمیان خلا کو پُر کرتا ہے۔ پروگرام میں بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود رہتی ہے اور میڈیا کے ذریعے موصول ہونے والی شکایات کا فوری ازالہ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستحق خواتین کو ان کے حقوق کے حصول کے لیے آگاہی دینا ناگزیر ہے۔ پریس کانفرنس کے اختتام پر صحافیوں نے سینیٹر روبینہ خالد کو تیسری بار سینیٹر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور اس موقع پر ان کے ہمراہ کیک بھی کاٹا گیا۔

بقیہ 2

خیال کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے جمل بیکر عبداللہ کو سی ڈی اے کی کارکردگی سے آگاہ کیا بالخصوص اسلام آباد میں مکمل ہونے والے اہم ترقیاتی منصوبوں اور جاری کاموں کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔ انہوں نے دارالحکومت اسلام آباد کو ایک جدید اور ماحول دوست شہر بنانے کیلئے سی ڈی اے کے اسٹریٹجک وژن پر روشنی ڈالی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ایتھوپیا کے سفیر کو اسلام آباد کی آبی گزرگاہوں کی بہتری اور ماحول دوست گرین بیلٹس کیلئے خصوصی اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ ملاقات میں ایتھوپیا کے سفیر جمل بیکر عبداللہ نے اسلام آباد میں بڑے پیمانے پر شجرکاری مہم میں ایتھوپیا کی شرکت کی تجویز پیش کی جو ایتھوپیا کے دارالحکومت ادیس ابابا میں گرین کوریڈور پروجیکٹ سے متاثر ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ اسلام آباد میں "ایتھوپیا-پاکستان پارٹنرشپ پارک" قائم کرنے کیلئے قانون کے مطابق زمین مختص کی جائے گی جو ایتھوپیا کی گرین لیگیسی انیشیٹو کا حصہ ہوگا۔

سی پی ایس، ایم ڈی اور امریکن بورڈ آف کارڈیالوجی سے ڈپلومہ کرنے والے ڈاکٹرز کو تعینات کیا جائے گا۔ کیتھ لیب میں کارڈیالوجی کے تجربہ کار میڈیکل آفیسر اور نرس بھی رکھی جائیں گی۔ کیتھ لیب میں میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجسٹ اور کیتھ لیب ٹیکنالوجسٹ بھی موجود ہوں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کے لئے بہترین کارڈیالوجسٹ کی خدمات حاصل کرنے کا حکم دیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب نے کارڈیالوجسٹ، میڈیکل آفیسرز، نرسز اور ٹیکنالوجسٹ پراسیس کا آغاز کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اضلاع میں کیتھ لیب بننے سے انجیو پلاسٹی کے لئے مریضوں کو بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ ہر ضلع میں مرحلہ وار کیتھ لیب بنائیں گے، مریضوں کو فوری ریلیف ممکن ہوگا۔ ڈسٹرکٹ کی کیتھ لیب میں نا صرف بہترین ڈاکٹر بلکہ عملے کی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر مریض کو علاج کی بہترین سہولتیں گھر کی دہلیز پر میسر ہوں گی۔

بقیہ 5

افتتاح کر دیا اور بچپن کے کینسر کی دوا تک رسائی کے عالمی پروگرام میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔ بچپن کے کینسر کی روک تھام کے 3 سالہ پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ہسپتالوں میں 68 فیصد کیسز پینے کا صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صاف پانی استعمال کریں تو ہسپتالوں سے 68 فیصد رش کم ہو جائے گا، مسائل کو سمجھ کر جڑ سے اکھاڑنے کی کوشش کر رہے ہیں، حکومت کو برا کہہ دینے سے یا الزام تراشی سے ہمارے بچے موت کے منہ میں جانے سے نہیں بچ سکتے، حکومت اور عوام سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنا اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ صحت کے بنیادی نظام کو مزید مضبوط کر رہے ہیں، کوشش ہے کہ معمولی نوعیت کے امراض کا علاج مقامی سطح پر ہو، ہیلتھ کیئر کا اصل مقصد مریض کو بیمار ہونے سے بچانا ہے، جتنے بھی ہسپتال بنالیں، بڑھتی ہوئی بیماریوں کا بوجھ نہیں اٹھایا جا سکتا، علاج سے زیادہ اہم بیماری کی بروقت روک تھام ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب بچوں کی زندگیاں بچانے کے عزم کی علامت ہے،

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 30 جولائی 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس /اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 30 جولائی 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، شاہ پور، تھال، ٹریٹ، ٹی اینڈ ٹی، بھارہ کہو I&II، گالف سٹی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ای ایم ای کمپلیکس، جھنگی، زرکون ہائٹس، پی اینڈ ٹی ون فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، شاہ پور، اڈیالہ، ڈھوک نور، جاپان روڈ، جناح I&II، ڈیفنس روڈ، ہمایوں۔ I، روز لائن، اڈیالہ، کلیال، ہمایوں روڈ، میجر ریاض منظور فیڈرز، اٹک سرکل، ملہوالی، کھڑپہ، شکردرہ فیڈرز، چکوال سرکل، دریائے جالپ فیڈرز، صبح 08:00 بجے سے دن 01:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، جیل پارک۔ 1، کار چوک، مجبوب شہید، پارک ویو، پنڈی بورڈ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

ہے۔ چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ صرف شوگر ملز کی فہرست نہیں بلکہ ان کے مالکان اور ڈائریکٹرز کی تفصیلات بھی دیں۔ سیکرٹری صنعت و پیداوار نے اجلاس کے دوران بتایا کہ گزشتہ سال ملک میں چینی کی پیداوار 76 لاکھ 60 ہزار میٹرک ٹن تھی، اس میں سے 13 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ چینی سرپلس

مذاکرات کے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں، بھارت کے ساتھ جنگ بندی کی پیش کش میں ڈائیلاگ کی بھی بات ہوئی تھی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ بھارت کے ساتھ ڈائیلاگ ہوگا تو جامع ڈائیلاگ ہوگا، بھارت جب بھی کمپوزٹ ڈائیلاگ کرنا چاہے گا ہم تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت سندھ

ایس ایچ او ملک تنویر اشرف نے منشیات فروشوں کا جینا محال کر دیا

ضلع پشاور کے تین منشیات فروش گرفتار 4 کلو 890 گرام چرس برآمد ملزمان کے خلاف نائن ون تھری سی کے تحت مقدمات درج

نوجوان نسل کو برباد کرنے والے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں انکے خلاف گرینڈ آپریشن جاری رہے گا ایس ایچ او مندرہ

گوجرخان (قمر شہزاد) نوتعینات ایس ایچ او تھانہ مندرہ ملک تنویر اشرف نے چارج سنبھالتے ہی منشیات فروشی جیسا گھناونا دھندہ کرنے والوں کا جینا محال کر دیا بڑے پیمانے پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری گزشتہ روز تھانہ مندرہ پولیس نے تین الگ الگ کاروائیوں میں منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے بھاری مقدار چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف تھانہ مندرہ میں الگ الگ مقدمات درج کر کے انکو پابند سلاسل کر دیا گرفتار ملزمان کی شناخت احسان اللہ سکنہ پشاور سے ہوئی جسکے قبضے سے 1600 گرام چرس جبکہ مشتاق احمد سکنہ پشاور سے 1550 گرام چرس اور آصف خان سکنہ پشاور سے 1740 گرام چرس برآمد ہوئی ایس ایچ او ملک تنویر اشرف (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: جمہوریہ کرغزستان سے ایک اعلیٰ سطحی وفد جس کی قیادت H.E. وزیراعظم شہباز شریف سے کابینہ کے ڈپٹی چیئرمین ایڈل بیسالوف نے ملاقات کی

محکمہ داخلہ پنجاب میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پنجاب کے اکاؤنٹس میں 40 کروڑ 42 لاکھ کی بے ضابطگیاں سامنے آئیں

خفیہ فنڈز میں 55 کروڑ سے زائد رقم کے استعمال کا ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا، ڈی پی اوز کے اکاؤنٹس میں بھی بے ضابطگیوں کی نشاندہی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں 55 کروڑ روپے سے زائد کے خفیہ فنڈز میں بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پنجاب کے اکاؤنٹس میں 40 کروڑ 42 لاکھ کی بے ضابطگیاں ہوئیں۔ نجی ٹی وی نے آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی آڈٹ رپورٹ 2024-25 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ داخلہ پنجاب میں 55 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا (بقیہ نمبر 44)

5 لاکھ میٹرک ٹن چینی اگلے سال کیلئے ریزرو رکھی گئی ہے

جنید اکبر خان نے شوگر ملز مالکان کو ملنے والی سبسڈی پر سوال اٹھا دیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی جنید اکبر خان نے شوگر ملز مالکان کو ملنے والی سبسڈی پر سوال اٹھا دیا۔ منگل کو جنید اکبر خان نے اجلاس کے دوران سیکرٹری صنعت و پیداوار سے سوال کیا کہ شوگر ملز مالکان کو برآمد کیلئے سبسڈی کیوں دی گئی؟ ہم نے آپ سے شوگر ملز مالکان کی تفصیلات طلب کی تھیں؟ کہاں ہیں تفصیلات؟ سیکرٹری (بقیہ نمبر 37)

چکوال، تیز رفتار ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر، خاتون، بچہ موقع پر جاں بحق

چکوال (این این آئی) اشرف ٹاؤن کے قریب افسوسناک حادثہ، تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں خاتون اور بچہ موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ موٹر سائیکل سوار معجزانہ طور پر محفوظ رہا۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو 1122 کو اشرف ٹاؤن کے قریب ایک ٹریفک حادثے کی اطلاع موصول ہوئی، جس میں ایک تیز رفتار ٹرک چکوال کی طرف (بقیہ نمبر 28)

پنجاب حکومت نے 8 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی امجد بشیر تبدیل، ماجد اقبال ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ توانائی تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 8 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی امجد بشیر کو تبدیل کر کے ممبر پنجاب ریونیو اتھارٹی تعینات، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ توانائی مس لبنیٰ عثمان کو تبدیل کر کے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کا حکم، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ہائیر ایجوکیشن محمد ماجد اقبال کو تبدیل کر (بقیہ نمبر 27)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری کے پی ٹی اور پی کیو اے کے معاہدوں کی گانا دیکھ رہے ہیں

پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں مستقل چیئرمین بورڈز کی تعیناتی کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) حکومت نے پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں مستقل چیئرمین بورڈز کی تعیناتی کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن نے مستقل چیئرمین کی تعیناتی کے لئے نئی پالیسی تیار کر لی، نئی پالیسی کی منظوری کیلئے سمری وزیراعلیٰ کو ارسال کر دی، سمری منظوری کے 1 ماہ بعد مستقل چیئرمین کی تعیناتی کیلئے اخبار میں اشتہار دیا جائے گا، نئے رولز کے مطابق پرائیوٹ امیدوار بھی چیئرمین کی سیٹ کیلئے اپلائی کر سکیں گے۔ نئی پالیسی سے چیئرمین، کنٹرولر اور سیکرٹری بورڈ کی تقرری بھی مستقل بنیادوں پر کی جائے گی، پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز کے چیئرمین کا اضافی چارج متعلقہ ضلع کے کمشنرز کے پاس ہے۔

قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کے ہاسٹلز سے سیکڑوں طلبا گرفتار

طلبا کو ہاسٹل 21 جولائی تک خالی کرنے کے احکامات دیئے تھے

اسلام آباد (این این آئی) قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کی ہاسٹل انتظامیہ اور پولیس نے ہاسٹلز پر چھاپہ مار کر ہاسٹل نمبر 6، 8، 9 اور 11 کو مکمل خالی کرا لیا۔ ذرائع کے مطابق انتظامیہ کی درخواست پر پولیس نے 55 سے 60 طلبا کو گرفتار کر کے تھانہ سیکریٹریٹ منتقل کر دیا ہے۔ دوسری جانب قائداعظم یونیورسٹی کے ہاسٹلز سے طلبا کی گرفتاری کے معاملے پر پولیس نے موقف دینے سے گریز کیا ہے۔ واضح رہے کہ قائداعظم یونیورسٹی نے طلبا (بقیہ نمبر 38)

ڈکیتی معہ قتل کے مجرمان کو سزائے موت، 23 سال قید، کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث ڈکیتی معہ قتل کے مجرمان کو مجموعی طور پر سزائے موت، 23 سال قید، 5 لاکھ روپے ہرجانہ اور 3 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈکیتی معہ قتل کے مجرمان کو معزز عدالت نے سزائیں سنادیں، مجرم فہیم کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 5 لاکھ روپے ہرجانہ، ڈکیتی کے جرم میں 10 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم فاروق کو ڈکیتی کے جرم (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی: آر ڈی اے، میونسپل کارپوریشن کے اہلکار ڈھوک رتہ نالے کے کنارے قائم غیر قانونی تجاوزات مسمار کر رہے ہیں

کندھ کوٹ، گیس میٹر کی شفٹنگ کیلئے رشوت طلب

بنگوار نامی شخص تین ہزار روپے رشوت طلب کر رہا ہے، شہری کا الزام

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: گیس میٹر کی شفٹنگ کے لیے رشوت طلبی، غریب شہری کا الزام، کندھ کوٹ گلشیر محلہ کے رہائشی زاہد شیخ نے الزام عائد کیا ہے کہ شہر میں نئی گیس لائن بچھائی گئی ہے، لیکن پرانی لائن سے نئی لائن پر میٹر کی شفٹنگ کے لیے بنگوار نامی شخص تین ہزار روپے رشوت طلب کر رہا ہے۔ زاہد شیخ کا کہنا ہے کہ وہ غریب (بقیہ نمبر 30)

پوٹھوار ٹاؤن گرجا روڈ کی حالت زار کے مناظر

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ رتہ امرال، صادق آباد، نصیر آباد اور ایئر پورٹ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس (بقیہ نمبر 31)

کم افراط زر کی پیشگوئی، شرح سود میں نمایاں کمی کا دباؤ بڑھ گیا

شرح سود 6 فیصد تک لائی جائے تاکہ صنعتوں کو مسابقتی مالیاتی ماحول میسر آسکے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے جولائی کیلئے افراط زر کی شرح 3.5 سے 4.5 فیصد کے درمیان رہنے کی پیشگوئی کی ہے، جس کے بعد مرکزی بینک پر دباؤ بڑھ گیا ہے کہ وہ شرح سود کو سنگل ڈیجٹ تک کم کرے۔ وزارت خزانہ کی معاشی مشاورتی ونگ کی جاری ماہانہ رپورٹ کے مطابق اگرچہ حالیہ شدید بارشوں کے باعث زرعی (بقیہ نمبر 32)

گرجا روڈ کھنڈرات کا منظر، ایئر پورٹ جانے والا راستہ سفر کے قابل نہ رہا

سیوریج کا پانی، ٹوٹی سڑک اور جام ٹریفک، ریسکیو ادارے بھی بے بس

سیاسی نمائندے مینڈک کی طرح نکلتے ہیں، دعوے کر کے غائب ہو جاتے ہیں، عوام

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پوٹھوار ٹاؤن راولپنڈی کے اہم علاقے گرجا روڈ کی سڑک مکمل طور پر تباہ حالی کا شکار ہو چکی ہے۔ یہ مرکزی سڑک نیو انٹرنیشنل ایئرپورٹ اسلام آباد سے جا کر ملتی ہے، مگر گہرے گڑھوں، بہتے گندے پانی اور ٹوٹ پھوٹ کی وجہ سے یہاں سے گزرنا کسی عذاب سے کم نہیں رہا۔ علاقے میں سیوریج نالوں کا پانی مسلسل سڑک پر جمع رہتا ہے، جس سے نہ صرف تعفن پھیل رہا ہے بلکہ حادثات کا خطرہ بھی بڑھ گیا ہے۔ سڑک کی خستہ حالی کے باعث ریسکیو 1122 اور دیگر ہنگامی اداروں کا بروقت پہنچنا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے۔ ٹریفک پولیس بھی بے بس نظر آتی ہے۔ عوام نے سیاسی قیادت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ "سیاسی نمائندے بارش کے مینڈکوں کی طرح نکلتے ہیں، فوٹو سیشن (بقیہ نمبر 39)

پاکستان کا اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں اسحاق ڈار

بھارت جب بھی کمپوزٹ ڈائیلاگ کرنا چاہے گا تیار ہیں، سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر ختم نہیں کرسکتا، تین دریاؤں پر ہمارا حق ہے

فلسطینی سرزمین پر اسرائیلی قبضہ فوری ختم ہونا چاہیے، اسرائیل اور فلسطین کیلئے دو ریاستی حل سے متعلق کانفرنس سے خطاب

لاہور جو بائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور دیگر سابق گورنر پنجاب میاں محمد اظہر کی رہائشگاہ پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں، وقت آگیا ہے فلسطینی ریاست کو اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت دی جائے، پاکستان دو ریاستی حل کی حمایت کرتا ہے، فلسطینی سرزمین پر اسرائیلی قبضہ فوری ختم ہونا چاہیے، بھارت جب بھی کمپوزٹ ڈائیلاگ کرنا چاہے گا ہم تیار ہیں، بھارت سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر ختم نہیں کرسکتا، تین دریاؤں پر ہمارا حق ہے۔ اقوام متحدہ میں اسرائیل اور فلسطین (بقیہ نمبر 47)

سابق وفاقی وزیر شیخ آفتاب احمد کو عمرہ کی ادائیگی پر مبارکباد پیش

علاقہ بھر کی عوام کثیر تعداد نے ٹولیوں کی شکل میں مبارکباد دینے آئے

حضرو (ملک یاسر سے) سابق وفاقی وزیر شیخ آفتاب احمد عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد گزشتہ روز باخیریت سے وطن عزیز پاکستان پہنچ گئے۔ سابق وفاقی وزیر شیخ آفتاب احمد کو مبارک باد کا سلسلہ جاری ہے اور علاقہ بھر سے عوام کی کثیر تعداد میں اور ٹولیوں کی شکل میں مبارک باد دینے کے لیے جوق در جوق آ رہے ہیں ان کے گھر اٹک پہنچ (بقیہ نمبر 45)

حج اخراجات دو اقساط میں وصول کیے جائیں گے

اخراجات کی پہلی وصولی اگست کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) حج 2026 کے اخراجات دو اقساط میں وصول کیے جائیں گے، اخراجات کی پہلی وصولی اگست کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ذرائع کے مطابق حج 2026 کے واجبات پہلے آیئے پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق پہلی قسط اگست میں وصول کی جائے گی جو تقریباً 5 سے ساڑھے 5 لاکھ روپے ہو گی۔ ذرائع نے بتایا کہ آئندہ برس حج کیلئے ساڑھے 4 لاکھ سے (بقیہ نمبر 46)

سابق آئی جی عامر ذوالفقار کی گاڑی کو پنڈی بھٹیاں کے قریب حادثہ، گاڑی

پنڈی بھٹیاں (این این آئی) سابق آئی جی عامر ذوالفقار کی گاڑی کو موٹروے پنڈی بھٹیاں کے قریب حادثہ پیش آیا ہے۔ پولیس کے مطابق حادثے میں سابق آئی جی عامر ذوالفقار محفوظ رہے، تاہم گاڑی تباہ ہوگئی۔ سابق آئی جی عامر ذوالفقار لاہور سے اسلام آباد جا رہے تھے۔

راولپنڈی: وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام دوروزہ ہیلتھ ایکسپو کے سٹال کا دورہ کر رہے ہیں

بجلی صارفین کے لیے اچھی خبر، قیمت میں کمی کا امکان

صارفین کو 53 ارب 39 کروڑ روپے سے زائد ریلیف کا ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے صارفین کے لیے بجلی کی قیمت میں ایک روپے 75 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان ہے۔ سی پی پی اے نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں درخواست دائر کر دی۔ درخواست مالی سال 2024-25 کی چوتھی سہ ماہی کی مد میں دائر کی گئی، منظوری کی صورت میں صارفین کو 53 ارب 39 کروڑ روپے سے زائد ریلیف کا ملے گا۔ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک سمیت سرکاری ڈسکوز پر بھی (بقیہ نمبر 40)

چوآ سیدن شاہ میں چینی کا بحران شدت اختیار کر گیا

دکانداروں نے انتظامیہ کے چھاپوں کے باعث چینی فروخت کرنا بند کر دی

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) چوآ سیدن شاہ میں چینی کا بحران شدت اختیار کر گیا۔ اکثریت میں دکانداروں نے انتظامیہ کے چھاپوں کے باعث چینی فروخت کرنا بند کر دی۔ شہر میں موجودہ بڑے ڈیلرز اندرون خانہ تھوک ریٹ پر 9400 روپے (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی، مرکزی جامع مسجد مکی کے خطیب و امام پیر سید ثناء اللہ کو اغوا کر لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ پیرودھائی کے علاقے خیابان سرسید سے مرکزی جامع مسجد مکی کے خطیب و امام پیر سید ثناء اللہ کو مبینہ طور پر اغوا کر لیا گیا۔ پیر سید ثناء اللہ کے بھائی سید عطاالحسن نے پولیس کو درخواست دے دی، بھائی مسجد کے امام و خطیب ہیں۔ سید عطاالحسن نے کہا کہ گزشتہ روز مغرب کی نماز کے بعد امامت کر کے فارغ بیٹھے تھے، سیاہ رنگ کی ویگو پر پینٹ شرٹ پہنے چھ نامعلوم افراد آئے اور بھائی کو زبردستی لیکر چلے (بقیہ نمبر 49)

بڑے ڈیم مہنگے پڑتے ہیں جس کیلئے نہ بجٹ ہے اور نہ فنانسنگ

دریائے سندھ کی روانی متاثر کیے بغیر چھوٹے ڈیمز بنائے جائیں، شیری رحمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی رہنما سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بڑے ڈیم مہنگے پڑتے ہیں جس کیلئے نہ بجٹ ہے اور نہ فنانسنگ۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شیری رحمان نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی سے متعلق پاکستان نے اپنا مقدمہ بھرپور طریقے سے لڑنا ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق تجاویز کو صرف کاغذی کارروائی کا حصہ نہ بنایا جائے۔ شیری رحمان نے کہا کہ انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی کی اجازت کے بغیر تعمیرات کیلئے این او سی دیے گئے، دریائے سندھ کی روانی متاثر کیے بغیر چھوٹے ڈیمز بنائے جائیں۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری کے پی ٹی، پی کیو اے کے پی این ایس سی کے ساتھ معاہدوں پر دستخط کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چیلنج ہے وہ سیاسی جمہوری طریقے سے حکومت گرا کر دکھاؤ، علی امین گنڈاپور

ہماری جنگ حق کی، ہم ہی جیتیں گے، 5 اگست کو ملک بھر سے لوگ احتجاج کیلئے نکلیں گے، میڈیا سے گفتگو

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے سامنے سرنڈر کرنے پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ چیلنج ہے سیاسی اور جمہوری طریقے سے حکومت گرا کر دکھاؤ۔ منگل کو ڈسٹرکٹ کورٹس اسلام آباد میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے، 5 اگست کو ملک بھر سے لوگ احتجاج کیلئے نکلیں گے، بانی رہا ہوں گے۔ انہوں (بقیہ نمبر 33)

کراچی، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ہوٹل ملازم جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلزار ہجری میں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے ایک اور شہری جاں بحق ہوگیا، مقتول چار بچوں کا باپ، عمر کوٹ کا رہائشی اور کراچی میں چائے کے ہوٹل پر ملازمت کرتا تھا۔ پولیس کے مطابق موٹر سائیکل پر سوار دو ملزمان شہریوں سے لوٹ مار کر کے فرار ہو رہے تھے کہ ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی فائرنگ کی زد میں آکر 36 سال کا کریم جاں بحق ہوگیا۔ مقتول کریم چائے کے ہوٹل پر گزشتہ تین سال سے ملازمت (بقیہ نمبر 50)

نارووال: ریسکیو اہلکار نالہ نہیں کے پانی میں پھنسے دیہاتیوں کو محفوظ مقام پر منتقل کر رہے ہیں۔

لیسکو کا مون سون میں خراب میٹرز کی مفت تبدیلی کا فیصلہ

کمپنی نے اس مقصد کے لیے 3 ارب 52 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے مون سون سیزن کے دوران خراب ہونے والے بجلی کے میٹرز کو تبدیل کرنے کا اہم فیصلہ کر لیا۔ کمپنی نے اس مقصد کے لیے 3 ارب 52 کروڑ روپے کا بجٹ مختص کر لیا ہے۔ لیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس خطیر بجٹ کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ بجٹ کے تحت سنگل فیز، تھری فیز اور ایل ٹی او یو میٹرز کی تبدیلی ممکن بنائی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق نیپرا قوانین کے (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی انفورسمنٹ مہم کی کارکردگی رپورٹ جاری

ایک ہفتے میں 9 4 3 2 گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کے خلاف قانونی کارروائیاں کی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ٹریفک انفورسمنٹ مہم کی گزشتہ ہفتے کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی ہے، جس میں بتایا گیا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر ایک ہفتے میں 2349 گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کے خلاف قانونی کارروائیاں کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق دوران ڈرائیونگ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 1 ہزار 655 موٹر سائیکل اور 694 گاڑیوں کو تھانے منتقل کیا گیا۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، 30 لیٹر اور 3 کپی شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے 30 لیٹر اور 3 کپی شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ آر اے بازار پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر شراب برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی، کلر سیداں پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 3 کپی شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

راولپنڈی، چوری کی واردات کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار

مسروقہ طلائی زیورات، رقم 40 ہزار روپے، 2 لیڈیز پرس اور دستاویزات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال پولیس نے گھر میں چوری کی واردات کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر کے مسروقہ طلائی زیورات، رقم 40 ہزار روپے، 2 لیڈیز پرس اور دستاویزات برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گھر میں چوری کی واردات کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے مسروقہ طلائی زیورات، رقم 40 ہزار روپے، 2 لیڈیز پرس اور دستاویزات برآمد ہوئیں، ملزمان نے (بقیہ نمبر 35)

پولیس کا منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن، 4 گرفتار 10 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے 10 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کا ویژن ڈرگ فری پنجاب، مندرہ پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 7 کلو 650 گرام چرس برآمد کی، صدر بیرونی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 3 کلو 250 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

وفاقی دارلحکومت میں گاڑیوں کے دھویں کی انسپکشن جاری

اسلام آباد ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے ٹیسٹنگ سسٹم کی ایس او پیز جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارلحکومت میں گاڑیوں کے دھویں کی انسپکشن کا عمل جاری ہے، اسلام آباد ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ٹیسٹنگ سسٹم کی ایس او پیز جاری کر دیئے، جس میں بتایا گیا ہے کہ ابتدائی طور پر سال 2022 یا بعد کے ماڈلز کی انسپکشن نہیں کی جا رہی۔ ایس او پیز کے مطابق سال 2022 سے پہلے تمام ماڈلز کی گاڑیوں کی انسپکشن (بقیہ نمبر 36)

اسمبلی کی لڑائی میں باہر کے افراد کی مداخلت ناقابل برداشت ہے

نان ممبرز کی جانب سے اپوزیشن ارکان کو دھمکیاں دینے کے واقعہ کی انکوائری کا حکم دیدیا' قائمقام اسپیکر

اسپیکر کی رولنگ کے باوجود ایوان میں ناخوشگوار واقعہ پیش آیا، یہ سیاہ دن تھا' ظہیر اقبال چنڑ کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) قائمقام اسپیکر ظہیر اقبال چنڑ نے نان ممبرز کی جانب سے اپوزیشن ارکان کو دھمکیاں دینے کے واقعہ کی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام کسی صورت بھی قابل قبول نہیں، حکومتی اور اپوزیشن نے باہمی اتفاق سے ایوان میں نظم وضبط برقرار رکھنے اور بدتمیزی نہ کرنے کا وعدہ کیا گیا، اسپیکر کی رولنگ کے باوجود ایوان میں ناخوشگوار واقعہ پیش آیا، ایک رکن کا دوسرے پر حملہ ایوان کے تقدس کے خلاف ہے۔ پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 51)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے غزہ کی صورتحال تباہ کن قرار دیدی

غزہ کی تباہی ناقابل برداشت ہے اور غزہ کے خاتمے کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جاسکتا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے غزہ کی صورتحال تباہ کن قرار دیدی۔ اقوام متحدہ میں فلسطین کے 2 ریاستی حل پر 3 روزہ عالمی کانفرنس سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کیلئے مسئلہ فلسطین حل کرنا ہوگا، موجودہ تنازع خطے کو غیر مستحکم کر رہا ہے۔ یو این سیکرٹری جنرل نے کہا کہ غزہ کی تباہی ناقابل برداشت ہے اور غزہ کے خاتمے کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جاسکتا، غزہ کا مسئلہ دنیا کی آنکھوں کے سامنے آگیا ہے، کانفرنس کو بروقت اقدام قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام ایک فیصلہ کن موڑ کے طور پر کام کر سکتا (بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد: ایم ایم اے فائٹر شاہ زیب رند کے والد خیر محمد کو وزیراعظم شہباز شریف پانچ ملین روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ، چین سرفہرست

سرمایہ کاری کے لحاظ سے چین، ہانگ کانگ، جنوبی کوریا، جاپان اور ترکیہ نمایاں رہے

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا ہے۔ مالی سال 2025 کے دوران پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں مجموعی طور پر 4.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کے لحاظ سے چین، ہانگ کانگ، جنوبی کوریا، جاپان اور ترکیہ نمایاں رہے تاہم چین 90.3 فیصد اضافے کے ساتھ سرفہرست رہا۔ مالی سال 2025 میں چین نے 1224.3 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ نیا سنگ میل عبور کیا۔ ہانگ کانگ نے توانائی، انفرا اسٹرکچر اور ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 42)

پنجاب میں موسلا دھار بارشوں سے نشیبی علاقوں میں طغیانی کا خدشہ

لاہور سمیت پنجاب کے بالائی علاقوں میں موسلا دھار بارشوں کا امکان

لاہور (این این آئی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے موسلا دھار بارشوں سے نشیبی علاقوں میں طغیانی اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق لاہور سمیت پنجاب کے بالائی علاقوں میں موسلا دھار بارشوں کا امکان ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نارووال میں 58 ملی میٹر، لاہور 27، قصور 15، مری 14، سیالکوٹ 7، جہلم 5 جبکہ منگلا اور گجرات میں 1 ملی میٹر بارش (بقیہ نمبر 43)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035